لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ رجب المرجب ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۱ فروری ۱۹۲۴ء | جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر ماسٹران ہائی اسکول	۱ و ۲
۲	انتظام [illegible]	۲
۳	انتظام بابت رخصت مولوی محمد امین صاحب	//
۴	رخصت نائب محافظ دفتر فوجداری	//
۵	تبادلہ جات منصرمان کارخانہ	//
۶	رخصت مہتمم الیات۔	//
۷	اعلان کتب	//
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	//

حکم اجلاس [illegible] بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ فروری [illegible]

شقہ [illegible] صاحب موصوم سکریٹری بہار در بارہ تقرر ماسٹران ہائی اسکول۔

[illegible] ملاحظہ ہوئے۔ ہائی اسکول میں سید حشمت اللہ سکنڈ ماسٹر [illegible]

[illegible]

[illegible] کے حساب سے تین گریجویٹ کے تقرر کی منظوری [illegible]

[illegible] ۱۹۲۴ء کو ہو چکی ہے اب [illegible] صاحب [illegible]

ان جگہوں پر سید افتخار حسین بی اے کا تقرر ۹ر دسمبر ۱۹۲۳ء سے بشاہرہ پچہتر روپیہ ہوا و سید اختر علی بی اے و بابو پرشوتم سروپ بی اے کا تقرر ۱۰ر نومبر ۱۹۲۳ء یوم کارکردگی سے بشاہرہ پچہتر پچہتر روپیہ ماہوار منظور ہی - پانچ پانچ روپیہ اضافہ سالانہ پانچ سال تک جدید ماسٹران کو دیا جانا بھی منظور کیا جاتا ہے تاکہ انکی تنخواہین پانچ سال مین سو سو روپیہ تک ہو جائین - ان ماسٹرون سے پانچ برس کے بانڈ بھی لکھوا لئے گئے ہین - جملہ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون -

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

کاغذات بغرض اجرا احکام حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم منصرم ملازمان صدر کے پاس مرسل ہون - ۲ر جنوری ۱۹۲۴ء

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ر فروری ۱۹۲۴ء

چونکہ تھرڈ اسکواڈرن تخفیف ہوگیا - اور تھرڈ بٹالین پیلس گارڈ مین شامل ہو گیا - لہذا ان دونون زمرون کے کمانڈنگ افسران کی بابت حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے -

۱ - میجر نور محمد خان اپنی تنخواہ موجودہ پر نواب ولیعہد بہادر کے - ایڈی سی مقرر کئے جاتے ہین - پرنس بجٹ سے انکو تنخواہ ملیگی -

۲ - کپتان واجد علی خان ماہ دولت واقبال کے اسٹاف مین بحیثیت ایڈی سی اپنی تنخواہ موجودہ پر خدمت انجام دینگے -

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام جاری ہون -

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱ر فروری ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مولوی احمد امین مدرس دوم عربی مدرسہ عالیہ کی رخصت چھ ماہ بانتظام سابقہ منظور کیگئی یعنی مولوی افضل الحق مدرس ششم بشاہرہ ماہوار بتنخواہ موجودہ مدرس دوم بجائے رخصتی اور مولوی محمد یوسف پسر رخصتی بشاہرہ چوبیس روپیہ بتنخواہ موجودہ مدرس ششم درجہ ششم مین تا ختم رخصت مقرر ہوئے -

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ر فروری ۱۹۲۴ء

حسب تحریر صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بہادر ضلع - سید مظہر علی نائب محافظ دفتر فوجداری کی مزید رخصت پندرہ یوم بانتظام موجودہ منظور ہوئی -

ملخص احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تبادل

۲ر فروری ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم منصرمان تحت کی تبدیلی منظور کی گئی

۱ - سید غلام شبیر منصرم فیلخانہ بتنخواہ موجودہ منصرم محتاج خانہ کیگئی یکم فروری ۱۹۲۴ء سے تنخواہ محتاج خانہ سے ملیگی

۲ - منشی عاشق علی خان منصرم مودیخانہ بتنخواہ موجودہ بعہدہ نائب منصرم فیلخانہ کیگئی -

۳ - محمد یوسف علی خان منصرم محتاج خانہ اپنی تنخواہ موجودہ پر منصرم مودیخانہ کیگئی -

رخصت

۲ر فروری ۱۹۲۴ء

سید ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات کی رخصت ۲ یوم ۱۱ر فروری ۱۹۲۴ء سے منظور ہوئی -

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے - ایسے نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے - خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے - اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے - جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصولڈاک ۱۲ ہے

التوحید - یہ کتاب جامع عامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے - اسمین خدا وند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے - اسکی قیمت بھی علاوہ محصولڈاک ۱۲ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائے

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۴ لغایت ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	خصوص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰½ سیر			۱۱½ سیر			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۲ سیر			۱۴ سیر			
نخود گنہ آمیز	۱۳ سیر			۱۵ سیر			
کتہ	۱۶ سیر			۱۶ سیر			
ماش	۱۰ سیر			۱۰ سیر			
مونگ	۱۰ سیر			۱۰ سیر			
مکا	۱۳ سیر			۱۲ سیر			
جئی	۱۷ سیر			۱۷ سیر			
گوجئی	[illegible]			[illegible]			
مسور	۱۳ سیر			۱۵ سیر			
ارہر	۱۳ سیر			[illegible]			
برنج	۵ سیر			۶ سیر			
روغن زرد	۱ چھٹانک			۱۰ سیر			
روغن سیاہ	۱۰ سیر			[illegible]			
روغن کنجد	۱ سیر			۵ سیر			
نمک سانبھر	۵ سیر			۵ سیر			
نمک لاہوری	۶ سیر			۵ سیر			
قند سیاہ	۶ سیر			۶ سیر			
باجرہ	۱۱ سیر			۱۱ سیر			